''یعنی ابن زیاد نے استہزاء کرتے ہوئے یہ کہا کہ میں نے ایسی خوبصورتی نہیں دیکھی''

قارئین کرام! ملاحظہ فرمایا آپ نے!

روایت کے اندر صاف موجود ہے کہ ابن زیاد نے حسین رضی اللہ عنہ کی خوبصورتی کی تعریف کی لیکن اس صاف اور صریح بات کو بھی محض اس لئے بدنیتی اور استہزاء پر محمول کیا جارہا ہے تاکہ ماقبل کے سیاق میں جو گستاخی کی بات ہے اس کے موافق یہ بات بھی ہوجائے۔

لیکن سوال یہ ہے کہ سیاق کے موافق بنانے کے لئے دوسری بات ہی کی تاویل کیوں کی گئی؟ جب کہ دوسری بات واضح اور بالکل صریح ہے؟ آخر ایسا کیوں نہیں کیا گیا کہ پہلی بات ہی کے صحیح معنی ومفہوم کو سمجھنے کی کوشش کی جاتی تاکہ یہ آگے موجود دوسری صاف اور صریح بات سے نہ ٹکرائے؟

اصل حقیقت یہ ہے کہ اس روایت میں موجود پہلی بات کا غلط معنی ومفہوم لے لیا گیا جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ یہ معنی ومفہوم روایت کے اگلے حصہ سے ٹکرا گیا۔اب اس ٹکراو کو دور کرنے کے لئے مزید ستم یہ گیا گیا ہے روایت کے اگلے حصہ کا معنی ومفہوم بھی بدل دیا گیا۔

قارئین کتاب کے اندر محولہ مقام[3] کا مراجعہ فرمائیں وہاں ہم نے پوری تفصیل دے دی ہے کہ اس روایت کے پہلے جملے میں بھی گستاخی والی کوئی بات نہیں ہے۔اس لئے روایت کے اگلے حصہ کو توڑ مروڑ کر کسی اور معنی پر محمول کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔

---

[1] مرقاة المفاتيح للملا القاری (۹/۳۹۸۵)

[2] تحفة الأحوذی (۱۰/۱۹۲)

[3] اسی کتاب کا صفحہ (۳۷۷ تا ۳۸۳) دیکھیں۔

صحیح و ضعیف تاریخ طبری..ابنِ زیاد کی سرِ اقدس کی توھین والی روایات صحیح ہیں اور محقیقین نے ابنِ زیاد کو فاسق لکھا ہے..((سنابلی صاحب شرم کرو فاسق کی حمایت میں)

إرسال الرأس الشريف إلى عبيد الله

في الصحيح أخرج البخاري في صحيحه عن أنس رضي الله عنه أتي عبيد الله برأس الحسين بن علي فجعل في طست فجعل ينكت وقال في حسنه شيئاً ، فقال أنس كان أشبههم برسول الله ﷺ وكان مخضوباً بالوسمة . [صحيح البخاري/ كتاب فضائل أصحاب النبي (ح ٣٧٤٨)].

ورواية أنس عند الطبراني (ح ٢٨٧٨) والبزار (ح ٢٦٤٩) بلفظ : «جعل ينكت بالقضيب ثناياه يقول : لقد كان أحسبه جميلاً فقلت : والله لأسؤونك إني رأيت رسول الله ﷺ يلثم حيث يقع قضيبك ، قال : فانقبض» .

قال الهيثمي : رواه البزار والطبراني بأسانيد ورجاله وثقوا . [مجمع الزوائد (٩/ ١٩٥)].

خلاصة القول : من الثابت تاريخياً أن الرأس الشريف وضع بين يدي الفاسق عبيد الله بن زياد ، وأما إرساله إلى يزيد ووضعه بين يديه فلم يثبت من طريق موصول صحيح .

وإنما ورد في مرسل الليث بن سعد ، ومن طريق الحصين عن رجل أبهم اسمه (مولى لمعاوية) ، ورواية ثالثة عند الطبراني من طريق فيه مجهول الحال وآخر ضعيف جداً ، ورواية رابعة عند ابن أبي الدنيا ذكرها ابن كثير [البداية والنهاية (٦/ ٤١١)] بإسناد فيه مجهول وآخر (سالم بن أبي حفصة) قال النسائي والدولابي : ليس بثقة وقال ابن حبان يقلب الأخبار ويهم في الروايات (المجروحين (١/ ٣٤٢) هذا بالإضافة إلى غلوه في التشيع كما قال ابن سعد في طبقاته (٦/ ٣٣٦) وهذا حال أقل الروايات الموصولة ضعفاً في هذه المسألة فما بالك بروايات أبي مخنف التالف الهالك الوضاع؟

والحق يقال : أننا لم نجد رواية موصولة صحيحة السند تثبت أن رأس الحسين وضع بين يدي يزيد إلاّ أن كتب التاريخ تذكر ذلك ووردت بذلك آثار غير صحيحة الإسناد .

ولعل ذلك دفع الحافظ الناقد ابن كثير رحمه الله إلى إبداء قولين أو رأيين في هذه المسألة فهو يقول تارةً : والصحيح أنه لم يبعث برأس الحسين إلى الشام (٦/ ٣٧٥) ويقول تارة أخرىٰ : وقد اختلف العلماء بعدها في رأس الحسين هل سيره ابن زياد إلى الشام أم لا؟ على قولين : الأظهر منهما أنه سيره إليه وقد وردت في ذلك آثار كثيرة والله أعلم . [البداية والنهاية (٦/ ٤١١)].

قلنا : ولم نجد فيما بين أيدينا من المصادر التاريخية روايةً ولو واحدة موصولة السند صحيحة تثبت ذلك .

بل إن الرواية الصحيحة ـ التي سنذكرها بعد قليل ـ عن شاهد عيان ثقة (هو الإمام زين العابدين) تؤكد أنهم دخلوا على يزيد وليس فيه ذكر إدخال الرأس الشريف ، ولذلك فإننا نرجح القول الأول لابن كثير وهو أنه لم يبعث برأس الحسين إلى الشام .

=

قصاص کیلئے صحیح روایت لیکن آدھی لکھی گئی ((سنابلی))...

قصاص کی روایات:

البتہ بعض صحیح روایات سے یہ اشارہ ملتا ہے کہ قاتلین میں سے جو بھی حکومت کی گرفت میں آیا قتل کیا گیا۔

پہلی روایت:

امام ابن جریر الطبری رحمہ اللہ (المتوفی: ۳۱۰) نے کہا:

"حدثنا محمد بن عمار الرازي، قال: حدثنا سعيد بن سليمان، قال: حدثنا عباد بن العوام قال: حدثنا حصين... قال حدثني سعد بن عبيدة قال... وجيء بنسائه وبناته وأهله، وكان أحسن شيئ صنعه أن أمر لهن بمنزل في مكان معتزل، وأجرىٰ عليهن رزقا، وأمر لهن بنفقة وكسوة

[1] مرآة الجنان و عبرة اليقظان (۱/ ۱۰۸) ولم أقف على إسناده.

قال: فانطلق غلامان منهم لعبد الله بن جعفر -أو ابن ابن جعفر- فأتيا رجلا من طيء فلجأ إليه، فضرب أعناقهما، وجاء برءوسهما حتى وضعهما بين يدي ابن زياد، قال: فهم (وفي البغية فأمر) بضرب عنقه، وأمر بداره فهدمت"[1]

"سعد بن عبیدہ کہتے ہیں کہ جب قافلہ حسین رضی اللہ عنہ کی خواتین، حسین رضی اللہ عنہ کی بیٹیاں اور گھر والے عبیداللہ بن زیاد کے پاس پہنچائے گئے تو اس نے سب سے اچھا کام یہ کیا کہ ان کے قیام کے لیے ایک خاص اور الگ جگہ پر انتظام کیا اور ان کا کھانا پانی بھی وہیں پہنچانے کا حکم دیا اور ان کے کپڑے اور دیگر اخراجات فراہم کرنے کے بھی احکام دیے، اسی دوران ایک واقعہ یہ پیش آیا کہ عبداللہ بن جعفر کے دو بیٹوں نے بنو طے کے ایک شخص کے یہاں رُکنے کا سوال کیا تو اس (ظالم) نے انھیں قتل کر دیا اور ان کے سر لے کر عبیداللہ بن زیاد کے سامنے پہنچا۔ یہ دیکھ عبیداللہ بن زیاد نے اس کے قتل کا ارادہ کر لیا (اور "بغية الطلب" کے الفاظ ہیں کہ اس کے قتل کا حکم دیا) اور اس کے گھر کو منہدم کروا دیا۔"

اس روایت کی سند صحیح ہے۔ سعد بن عبیدہ کتبِ ستہ کے ثقہ راوی ہیں اور بقیہ رجال کی توثیق پیش کی جا چکی ہے۔[2]

ذخائر العرب

٣٠

تاريخ الطبري

تاريخ الرسل والملوك

لأبي جعفر محمد بن جرير الطبري

٢٢٤ — ٣١٠ هـ

الجزء الخامس

تحقيق

محمد أبو الفضل إبراهيم

الطبعة الثانية (معدلة ومنقحة)

دار المعارف بمصر

وہی سنابلی صاحب کی صحیح کردہ مکمل روایت.....مع سند...

قال الحصين : وحدّثني سعد بن عبيدة ، قال : إنّ أشياخًا من أهل الكوفة لَوُقوف على التلّ يبكون ويقولون : اللهم أنزِل نصرك ، قال : قلت : يا أعداء الله ، ألا تنزلون فتنصرونه ! قال : فأقبل الحسين يكلّم من بعث إليه ابن زياد ، قال : وإني لأنظر إليه وعليه جبّة من بُرُود ، فلما كلّمهم انصرف ، فرماه رجلٌ من بني تميم يقال له : عمر الطُّهَوِيّ بسهم ، فإني لأنظر إلى السهم بين كتفيه متعلّقًا في جبّته ، فلما أبوْا عليه رجع إلى مصافّه ، وإني لأنظر إليهم ،

(١) ط : « نمر » ، وانظر الفهرس .

وإنهم لقريب من مائة رجل ، فيهم[1] لصُلب عليّ بن أبي طالب عليه السلام خمسة ، ومن بني هاشم ستة عشر ، ورجل من بني سُلَيم حليفٌ لهم ، ورجلٌ من بني كنانة حليفٌ لهم ، وابن عمر بن زياد .

قال : وحدّثني سعد بن عبيدة ، قال : إنا لمستنقعون في الماء مع عمر بن سعد ، إذ أتاه رجل فسارّه وقال له : قد بعث إليك ابن زياد جُوَيْرِيَةَ بن بدر التميميّ ، وأمَرَه إن لم تقاتل القومَ أن يضربَ عُنقَك ؛ قال : فوثب إلى فرسه فركبه ، ثم دعا سلاحه فلبسه ، وإنه على فرسه ، فنهض بالناس إليهم فقاتلوهم ، فجيء برأس الحسين إلى ابن زياد ، فوُضع بين يديه ، فجعل يَنكُت[2] بقضيبه ، ويقول : إنّ أبا عبد الله قد كان شمِط ؛ قال : وجيء بنسائه وبناته وأهله ، وكان أحسن شيء صنعَه أن أمر لهنّ بمنزل في مكان معتزل ، وأجرَى عليهنّ رزقًا ، وأمر لهنّ بنفقة وكسوة . قال : فانطلق غلامان منهم لعبد الله بن جعفر — أو ابن ابن جعفر — فأتيا رجلاً من طيّئ فلجآ إليه ، فضرب أعناقهما ، وجاء برءوسهما حتى وضعهما بين يدي ابن زياد ؛ قال : فهمّ بضرب عنقه ، وأمر بداره فهدمت . ٢٨٧/٢

قال : وحدّثني مولًى لمعاوية بن أبي سُفْيان قال : لما أتِيَ يزيد برأس الحسين فوضع بين يديه ، قال : رأيته يبكي ، وقال : لو كان بينه وبينه رحِم ما فعل هذا .

قال حصين : فلما قتِل الحسين لبثوا شهرين أو ثلاثةً ، كأنما تلطّخ الحوائط بالدماء ساعة تَطلُع الشمس حتى ترتفع .

سنابلی صاحب کی پیش کردہ مکمل روایت کا ترجمہ..ابنِ زیاد قاتلِ حسین علیہ السلام

زہیر بن قین کی حضرت حسین رضی اللہ عنہ سے ملاقات:

زہیر بن قین سفر حج میں تھے۔ راہ میں حسین رضی اللہ عنہ سے ملاقات ہوگئی اور وہ بھی آپ کے ساتھ ہو گئے۔ ابن ابی بحریہ مرادی اور عمرو بن حجاج اور معن سلمی اور دو شخص اور بھی آپ کے ساتھ چلے آئے۔ ایک شخص نے دیکھا کہ شیوخ کوفہ میں سے کچھ لوگ ایک ٹیلہ پر کھڑے ہوئے رو رہے ہیں اور کہتے جاتے ہیں یا اللہ مدد کر۔ یہ سن کر اس شخص نے کہا: ''دشمنانِ خدا کیوں نہیں اتر کر جاتے اور کیوں ان کی مدد نہیں کرتے''۔ اسی اثناء میں اس نے دیکھا کہ حسین رضی اللہ عنہ برد کا جبہ پہنے ابن زیاد کی فوج سے باتیں کر رہے ہیں۔ باتیں کر کے آپ مڑے تو بنی تمیم کے ایک شخص نے جس کا نام عمر طہوی تھا آپ کو ایک تیر مارا اس کا تیر آپ کے دونوں شانوں کے درمیان جبہ میں اٹکا ہوا دکھائی دے رہا تھا۔ جب ان لوگوں نے کسی طرح آپ کی التجا کو نہ قبول کیا۔ تو آپ اپنی صف میں واپس چلے آئے۔ اس وقت سو آدمیوں کے قریب آپ کے ساتھ تھے۔ پانچ فرزند علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے سولہ شخص بنی ہاشم میں سے ایک شخص بنی سلیم میں سے ان کا حلیف تھا اور ایک شخص بنی کنانہ میں سے ان کا حلیف تھا اور ابن عمر بن زیاد بھی ان میں تھا۔

ابن زیاد کے عتاب کی ابن سعد کو اطلاع:

ایک شخص کہتا ہے کہ عمرو بن سعد کے ساتھ پانی میں اترا ہوا میں نہا رہا تھا کہ ایک شخص اس کے پاس آیا۔ اس نے چپکے چپکے ابن سعد سے باتیں کیں اور کہا ابن زیاد نے تمہارے پاس جویریہ بن بدر تمیمی کو یہ حکم دے کر بھیجا ہے کہ اگر تم حسین رضی اللہ عنہ و انصار

حسین رضی اللہ عنہ سے قتال کرو تو تمہاری گردن مارے۔ یہ سن کر ابن سعد نے فوراً گھوڑا منگایا اور سوار ہوا پھر گھوڑے ہی پر ہتھیار منگا کر۔ سجائے اور فوج کو ساتھ لے کر لڑنے کے لیے روانہ ہوا اور اس نے ان لوگوں سے قتال کیا۔ ابن زیاد کے سامنے حسین رضی اللہ عنہ کا سر جب لا کر رکھا گیا تو لکڑی سے بتا بتا کر کہنے لگا کہ ابو عبداللہ حسین رضی اللہ عنہ کے بال کھچڑی ہو چکے تھے۔ اتنی بات اس نے اچھی کی کہ جب آپ کے اہل حرم لائے گئے تو ان کے اترنے کے لیے ایک مکان علیحدہ دیا اور کھانا پینا لباس ان کے لیے مقرر کیا۔ ان میں سے دو لڑکے عبداللہ بن جعفر کے تھے۔ یہ دونوں ابن جعفر کے نکل کر چلے گئے۔ بنی طے میں سے ایک شخص کے پاس جا کر چھپے۔ اس نے دونوں لڑکوں کا سر کاٹ کر ابن زیاد کے پاس آ کر دونوں سر سامنے رکھ دیئے۔ ابن زیاد نے اس کے قتل کرنے کا ارادہ کیا اور اس کے گھر کو کھدوا ڈالا۔ اور جب حسین رضی اللہ عنہ کا سر یزید کے سامنے لا کر رکھا گیا تو رونے لگا اور کہا اگر ابن زیاد کو بھی حسین رضی اللہ عنہ سے برادری ہوتی تو ایسا نہ کرتا۔ قتل حسین رضی اللہ عنہ کے بعد آفتاب کے طلوع ہونے سے بلند ہونے تک دو مہینہ تک یہ معلوم ہوتا تھا کہ دیواریں خون آلود ہو گئی ہیں۔

سنابلی صاحب کی تحقیق پر ایک نظر....سنابلی صاحب نے اپنی اسی کتاب میں بطور خمیمہ ایک مضمون درج کیا ہے. جسمیں یزید کو رحمہ اللہ بھی لکھا ہے.. مضمون کا نام ہے..

حادثہ کربلا کی روداد...اسمیں سنابلی صاحب نے پانچ مراحل کا زکر کیا ہے اور پھر اسکا خلاصہ لکھا ہے میں اسکے اسکین پیپرز لگاؤنگا وہاں پڑھا جا سکتا ہے..یہ مضمون **50** صفحات پر محیط ہے....سنابلی صاحب کو اس کتاب میں محدثین سے ایک ہی شکایت رہی ہے کہ محدثین نے واقعہ کربلا کے عنوان پر شخصیتِ یزید کے بارے میں روایات کی تحقیق نھیں کی بلکہ ضعیف و موضوع روایات کے پیشِ نظر اپنا نظریہ بیان کیا ہے..اور یہ شکایت سنابلی صاحب نے امام احمد بن حنبل..امام ابنِ کثیر ...امام ابنِ تیمیہ..امام جوزی...امام ذھبی ..امام ابنِ حجر عسقلانی سے کی ہے..تو اس شکایت کا نتیجہ تو یہ ہونا چاھیئے تھا کہ سنابلی صاحب جب اس موضوع پر قلم اٹھائیں تو صرف صحیح و صریح روایات سے استدلال کریں.....تو اب دیکھتے ہیں کہ کیا واقعی سنابلی صاحب نے اپنی تحقیق میں اس شکایت کا ازالہ کیا ہے جو شکایت وہ محدثین سے کر چکے ہیں...اس عنوان کی ابتداء میں حاشیہ میں سنابلی صاحب لکھتے ہیں. کہ میں جن روایات کو صحیح جانتا ہوں ان پر حکم بھی لکھدونگا اور جو روایات صحیح نھیں ان پر حکم نھیں لکھونگا.....اب سنابلی صاحب کی

اسی بات کو مدِ نظر رکھکر ہم انکا یہ مضمون پڑھتے ہیں اور دیکھتے ہیں کہ کتنی روایاتِ صحیحہ سے سنابلی صاحب نے واقعہ بیان کیا ہے....اس مضمون میں روایات کا تزکرہ یوں ہے.

بخاری...**4** روایات.....مسلم شریف....**1**...روایت.....

تاریخ طبری....**18** روایات جنمیں سے دو پر صحیح کا حکم لگایا باقی پر کوئی حکم نھیں...

تاریخ ابنِ کثیر....**11** روایات جنمیں سے کسی ایک پر بھی حکم نھیں لگایا...

طبقات بن سعد...**5** روایات جنمیں سے کسی ایک پر بھی حکم نھیں لگایا...

فضائل الصحابہ ...**2** روایات ایک پر حسن اور ایک پر صحیح کا حکم لگایا...

معجم الکبیر للطبرانی..**1** روایت اور اس پر صحیح کا حکم لگایا...

ٹوٹل **42** روایات سنابلی صاحب نے اس مضمون میں لکھیں..اور کہا کہ صحیح پر حکم لگاؤنگا ضعیف پر حکم نھیں لگاؤنگا....اور اس مضمون میں بخاری و مسلم کے علاوہ دیگر کتب کی روایات میں سے صرف **5** روایات پر صحیح و حسن کا حکم لگایا...یعنی بخاری و مسلم ملا کر **10** روایات سنابلی صاحب کے اس مضمون میں انکے نزدیک قابلِ استدلال ہیں..اور **32** روایات خود سنابلی صاحب کے نزدیک ضعیف یا موضوع ہیں.... عجیب کہ **50**

صفحات میں **32** ضعیف و موضوع روایات سے واقعہ کربلا کو بیان کرنے والے محدثین پر نالاں ہیں کہ انھوں نے صحیح روایات کو پیشِ نظر نہیں رکھا.....

سنابلی صاحب کا لطیفہ.....اس مضمون میں سنابلی صاحب نے عجیب ہی روش دکھائی ہے کہ جسے پڑھکر ہنسی رکنے کو نہیں آتی اور یزید کے دفاع میں قانون کو پامال کرنے پر سخت افسوس ہوتا ہے.....سنابلی صاحب تاریخ طبری سے روایت نقل کرتے ہیں کہ امام حسین علیہ السلام نے تین شرائط عمر بن سعد کے سامنے پیش کیں اور پھر عبیداللہ بن زیاد نے عمر بن سعد کے خط کو پڑھکر تعریفی کلمات کہے پھر ان کلمات سے سنابلی صاحب اجتہاداً کہتے ہیں. کہ اسکا مطلب ہے کہ ابنِ زیاد نے تیسری بات قبول کرکے امام حسین علیہ السلام کو اجازت دیدی....اور پھر اسی روایت پر حاشیہ بھی لکھتے ہیں کہ اس روایت کا آخری حصہ سبائیوں نے جھوٹ مخلوط کر دیا ہے...لہذا وہ قابلِ قبول نہیں.....اسمیں چند باتیں قابلِ توجہ ہیں...

1...سنابلی صاحب نے اس روایت پر حاشیہ میں کوئی حکم نہیں لگایا اور وہ پہلے لکھ چکے ہیں کہ میں ضعیف روایت پر حکم نہیں لگاؤنگا....

2...پھر اسی ضعیف روایت سے استدلال بھی کیا... کیا سنابلی صاحب کا شکوہ محدثین سے یہی نہیں تھا کہ وہ ضعیف روایات سے استدلال کرتے ہیں..تو انکے جواب میں کتاب لکھی گئی اور اسی کتاب میں خود ضعیف روایت سے استدلال کیا گیا...

3...یہ دونوں روایات جسکا حوالہ سنابلی صاحب نے تاریخ طبری کا دیا..ہم اصل روایت تاریخ طبری سے مع سند نقل کرتے ہیں..یہ دونوں روایات ابو مخنف سے مروی ہیں..اور اسی کتاب میں سنابلی صاحب نے ایک روایت کو ضعیف کرنے کیلیئے تفصیل سے ابو مخنف پر جرح نقل کی... کہ وہ شیعہ کذاب و متروک ہے..لہذا اسکی روایت قبول نہیں ہے.. عجیب ہے کہ ابو مخنف جب امام حسین علیہ السلام کیلیئے یزید کی حقیقت بیان کرے تو وہ روایت قابلِ احتجاج نہیں ہے..لیکن وہی ابو مخنف جب ایسی بات بیان کرے کہ جس سے سنابلی صاحب یزید یا ابنِ زیاد کا دفاع کر سکتے ہیں تو وہ روایت قابلِ احتجاج بن جاتی ہے.....

4...سنابلی صاحب ابو مخنف کی آدھی روایت سے استدلال کرکے باقی آدھے حصہ کو کہ جسمیں ابنِ زیاد کی خباثت واضح ہوتی ہے اسے سبائیوں کی دخل اندازی و کذب و اتہام قرار دیتے ہیں..لیکن اسکی دلیل کیا ہے آیئے سنابلی صاحب سے سنتے ہیں.....وہ آگے اسکی دلیل میں فرماتے ہیں کہ اس روایت کا آخری حصہ کہتا ہے کہ شمر بن ذوی الجوشن نے ابنِ زیاد کو

بھڑکایا تو اسنے امام حسین علیہ السلام کو اجازت نھیں دی...اب سنابلی صاحب کہتے ہیں کیا ابنِ زیاد کوئی بچہ تھا کہ شمر کے بھکانے سے بھک جائے..وہ ایک مدبر حکمران تھا.... اور دوسری بات کہ شمر امام حسین علیہ السلام کا رشتہ دار تھا تو اسکو کیا دشمنی ہو سکتی ہے کہ وہ بھڑکائے...لہذا چونکہ ابو مخنف نے ہی بیان کیا ہے کہ ابنِ زیاد نے اجازت دیدی تھی..لیکن سچ یھی معلوم ہوتا ہے کہ ابنِ زیاد نے اجازت دیدی تھی.....

عجیب سے عجیب تر..... سنابلی صاحب کہتے ہیں کہ جب ابومخنف کہے کہ ابنِ زیاد نے امام حسین علیہ السلام کو اجازت دیدی تھی..تو یہ سچ ہے لیکن جب یھی ابومخنف کہے کہ ابنِ زیاد نے امام حسین علیہ السلام کو اجازت نھیں دی تھی تو ہم کیسے مانیں وہ تو شیعہ و کذاب ہے....یعنی ایک بات میں سچا اور دوسری بات میں جھوٹا....سنابلی صاحب کو یہ منطق مبارک ہو....ضعیف راوی کی روایت کا ایک حصہ سچا ہے اور دوسرا حصہ جھوٹا.....

رشتہ داری..سنابلی صاحب کہتے ہیں کہ شمر تو امام حسین علیہ السلام کا رشتہ دار تھا.. گویا سنابلی صاحب کہنا چاھتے ہیں کہ قابیل حضرت ھابیل کو کیسے شہید کر سکتا ہے وہ تو بھائی تھا...حضرت یوسف علیہ السلام کو انکے بھائی کیسے کنویں میں پھینک سکتے ہیں وہ تو بھائی تھے..ابولہب کیونکر نبی(ص) کو اذیت دے سکتا ہے وہ تو نبی(ص)کے

چچا تھے..نوح علیہ السلام و لوط علیہ السلام سے بھلا انکی اذاواج کی دشمنی کیونکر ہو سکتی ہے... جب انکی صراحت آیات میں ہے تو شمر کی دشمنی روایات میں ہے..اب اگر سنابلی صاحب کہیں کہ وہ روایات تو ابومخنف کی ہیں تو ہم کہتے ہیں پھر آپ جس روایت سے استدلال کر رہے ہیں وہ بھی تو ابومخنف کی ہی ہیں.ماننی ہیں تو دونوں باتیں مانیں نہیں ماننی تو دونوں کو نہ مانیں....

ابنِ زیاد مدبر...سنابلی صاحب کہتے ہیں ابنِ زیاد کوئی بچہ نہیں تھا کہ وہ بھکانے سے بھک جائے..لیکن یہی سنابلی صاحب اپنی اسی کتاب میں لکھتے ہیں کہ خوارج فتنہ پرور نے جب فتنہ پیدا کیا..اور عبد اللہ بن زبیر رض و محمد بن ابو بکر رض و عمار بن یاسر رض و ابوزر رض بھی اس فتنہ سے متاثر ہوگئے..اور اھلِ مدینہ بھی اس فتنہ سے متاثر ہوگئے.. کمال ہے سنابلی صاحب یعنی اصحاب و مدینہ کے تابعین آپکے نزدیک مدبر نہیں تھے.اور کیا وہ بچے تھے کہ سبائیوں کے بھکانے سے بھک گئے لیکن ابنِ زیاد ان سب سے زیادہ مدبر تھا... کیا یہی اصحاب کی تعظیم ہے..ابنِ زبیر رض و عمار بن یاسر و ابو زر و محمد بن ابو بکر رض اللہ اجمعین تو بھک جائیں بس ابنِ زیاد جس کو محدثین نے قاتلِ امام حسین علیہ السلام لکھا..جس کو خود سنابلی صاحب نے قاتلِ مسلم بن عقیل لکھا...جس نے مسلم بن عقیل کو نسب کی گالی دی. وہ ابنِ زیاد سنابلی صاحب کیلیئے نہ بچہ ہے نہ نادان بلکہ.مدبر و قابلِ ستائش ہے..

جَرىٰ بَيْنَ الْأَوَائِلِ مِمَّن لَيْسَ لَه مَرتَبَةٌ فِيْ الدِّيْنِ، فَكَيفَ فِيْ الْعَدَالَةِ!"[1]

"جب تم اپنے خلاف دینار و درہم تک کا دعویٰ اس وقت تک صحیح تسلیم نہیں کرتے، جب تک کہ مدعی عادل، تہمتوں سے پاک اور نفسانی خواہشات سے محفوظ نہ ہو تو پھر تم سلف کے احوال اور صحابہ کرام کے مابین ہونے والے واقعات کے متعلق ان لوگوں کی روایت کس طرح قبول کر لیتے ہو، جن کی عدالت تو کجا، سرے سے جن کا دین ہی میں کوئی مقام نہیں ہے؟!"

لہٰذا کربلا کی وہ روایات قطعاً قابلِ قبول نہیں ہیں، جو شانِ صحابیت اور تابعین کے بلند معیار پر پورا نہیں اترتیں، خواہ ان کا تعلق حسین رضی اللہ عنہ سے ہو یا یزید سے، علاوہ بریں کربلا کی روایات میں ایک مجموعہ روایات ایسا بھی ہے، جس سے نہ تو حسین رضی اللہ عنہ پر کوئی حرف آتا ہے اور نہ یزید ہی کی کردار کشی ہوتی ہے، بلکہ اس مجموعہ روایات کی رو سے وہ تمام تر الزامات لغو قرار پاتے ہیں، جو ایک دوسرے مجموعہ روایات کو بنیاد بنا کر حسین رضی اللہ عنہ یا یزید رحمہ اللہ پر عائد کیے جاتے ہیں۔

اگر روایاتِ کربلا کی حقیقت و نوعیت کو سمجھ کر اور صحابہ و تابعین اور سلف صالحین کی عظمت و فضیلت کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے سنجیدگی سے غور کیا جائے تو ان روایات سے متعلق معتدل موقف یہی معلوم ہوتا ہے کہ تاریخی اعتبار سے ان کا صرف وہ حصہ قبول کیا جائے، جو شانِ صحابیت اور تابعین و اسلاف کے معیار پر پورا اترتا اور ان کے مجموعی طرزِ عمل سے مناسبت رکھتا ہو، قطع نظر اس بات کے کہ ان کا تعلق حسین رضی اللہ عنہ اور ان کے اصحاب سے ہے یا یزید رحمہ اللہ اور ان کے اصحاب سے متعلق[2]۔

حادثہ کربلا کی روداد

گذشتہ سطور میں روایاتِ کربلا سے متعلق جو موقف پیش کیا گیا ہے، اس روشنی میں حادثۂ کربلا کی روداد ملاحظہ ہو۔ اس حادثے کے واقعات کو ہم درج ذیل پانچ مرحلوں میں تقسیم کر سکتے ہیں:

- پہلا مرحلہ: قیام مدینہ۔
- دوسرا مرحلہ: قیام مکہ۔
- تیسرا مرحلہ: کوفہ روانگی۔

[1] العواصم من القواصم، ط: الأوقاف السعودية (ص: ٢٥٢)

[2] یاد رہے یہ موقف صرف ان تاریخی روایات سے متعلق ہے جو اصول حدیث کے معیار پر صحیح نہیں ہیں لیکن جو روایات سندا صحیح وثابت ہوں وہ ہر حال میں مقبول ہوں گی۔ روداد کربلا میں بعض روایات سندا صحیح وثابت بھی ہیں، ایسی روایات نقل کرنے کے بعد ہم نے ان کی صحت واضح کر دی ہیں اور جو روایات سندا صحیح نہیں ہیں وہاں ہم نے کوئی حکم نہیں لگایا ہے۔

- چوتھا مرحلہ: دمشق روانگی۔
- پانچواں مرحلہ: نزولِ کربلا اور وقوع حادثہ۔

خلاصہ روداد

پہلا مرحلہ: قیامِ مدینہ:

یزید کے خلیفہ بننے کے بعد حسین رضی اللہ عنہ مدینے میں تھے۔ آپ سے بیعتِ یزید کا مطالبہ کیا گیا تو آپ نے اگلے دن مجمع عام میں بیت کرنے کی خواہش ظاہر کی، تاکہ یہ بات سب کے علم میں آجائے، لیکن اگلے دن حکام آپ کے پاس نہ پہنچ سکے، پھر اس کے بعد حسین رضی اللہ عنہ عمرہ وغیرہ کی غرض سے مکہ روانہ ہوگئے۔

دوسرا مرحلہ: قیامِ مکہ:

مکہ میں حسین رضی اللہ عنہ پہنچے اور کوفیوں نے سنا کہ حسین رضی اللہ عنہ نے ابھی تک بیعت نہیں کی ہے تو ان کوفیوں نے حسین رضی اللہ عنہ کا استعمال کرکے ایک بار پھر اُمت میں خون ریزی کا پروگرام بنایا اور اس کی خاطر حسین رضی اللہ عنہ کو خطوط لکھے کہ آپ ہمارے پاس آجائیں، ہم آپ ہی کو خلیفہ مانیں گے۔

[1] صحيح البخاري (٧/ ٨)

حسین رضی اللہ عنہ نے یہ صورتِ حال دیکھ کر خطرے کی بو سونگھ لی اور فیصلہ کیا کہ اہلِ کوفہ جس برے اقدام کا ارادہ رکھتے ہیں، انھیں اس اقدام سے روکنا چاہیے اور ان کی اصلاح کرنی چاہیے، تاکہ امت میں اتحاد و اتفاق باقی رہے اور کسی قسم کا فتنہ رونما نہ ہو، اس غرض سے آپ نے کوفہ جانے کا ارادہ کیا۔ آپ کی نیت اگرچہ نیک اور مخلصانہ تھی، مگر اہلِ کوفہ کو کنٹرول کرنا آسان کام نہیں تھا، اسی لیے خیرخواہوں نے آپ کو مشورہ دیا کہ آپ کوفہ نہ جائیں۔ آپ نے بھی ان مشوروں میں وزن محسوس کیا اور کوفہ کی صورتِ حال کا جائزہ لینے کے لیے مسلم بن عقیل کو کوفہ روانہ کیا۔ مسلم بن عقیل کوفہ پہنچے تو شروع شروع میں اہلِ کوفہ نے ان کا پرجوش استقبال کیا۔ یہ دیکھ کر مسلم بن عقیل نے حسین رضی اللہ عنہ کو خط لکھ دیا کہ آپ آسکتے ہیں۔ خط ملتے ہی حسین رضی اللہ عنہ کوفہ کے لیے روانہ ہوگئے۔

تیسرا مرحلہ: کوفہ روانگی:

آپ کوفہ روانہ ہوئے اور ادھر اہلِ کوفہ نے مسلم بن عقیل پر دباؤ ڈال کر اُن سے عبیداللہ بن زیاد کو قتل کروانا چاہا، لیکن کامیاب نہ ہوئے، پھر اہلِ کوفہ نے مسلم بن عقیل کی امارت میں ایک لشکر تیار کیا اور گورنر ہاؤس پر حملہ کر دیا اور عین وقت پر مسلم بن عقیل کو تنہا چھوڑ کر بھاگ گئے، پھر مسلم بن عقیل گرفتار ہو کر قتل کر دیے گئے۔ حسین رضی اللہ عنہ راستے ہی میں تھے کہ انھیں اس قتل کی خبر ملی۔ یہ خبر ملتے ہی آپ نے واپسی کا فیصلہ کیا، لیکن جو کوفی آپ کو مکہ سے لینے کے لیے آئے تھے، انھوں نے ایک طرف تو مسلم بن عقیل کے بھائیوں کو انتقام کا نعرہ دیا اور دوسری طرف حسین رضی اللہ عنہ سے کہا کہ آپ مسلم بن عقیل کی طرح نہیں ہیں، آپ کا مقام ومرتبہ کچھ اور ہے، آپ چلیں، آپ کے ساتھ خیر کا سلوک ہوگا۔ مجبوراً حسین رضی اللہ عنہ کو سفر جاری رکھنا پڑا۔

کوفہ کے قریب پہنچے تو بعض اعرابیوں سے معلوم ہوا کہ کوفہ کے حالات انتہائی نازک ہیں اور وہاں جانا بہت خطرناک ہے۔ یہ سن کر حسین رضی اللہ عنہ نے کوفہ کی راہ چھوڑ کر سیدھا دمشق جانے کی ٹھان لی، جہاں یزید بن معاویہ موجود تھے۔

چوتھا مرحلہ: دمشق روانگی:

دمشق کی طرف حسین رضی اللہ عنہ کا قافلہ روانہ ہوگیا، تھوڑی دور چلنے کے بعد حر بن یزید راستے میں ملا

تو اس نے اصرار کیا کہ حسین رضی اللہ عنہ اس کے ہمراہ کوفہ چلیں، لیکن حسین رضی اللہ عنہ نے تسلیم نہیں کیا اور شام کی جانب سفر جاری رکھا۔ آگے کربلا کے مقام پر پہنچے تو عمر بن سعد اور اس کے سپاہیوں سے مڈبھیڑ ہوگئی۔

پانچواں مرحلہ: نزولِ کربلا اور وقوعِ حادثہ:

عمر بن سعد کے سامنے حسین رضی اللہ عنہ نے اللہ کا واسطہ دے کر کہا کہ مجھے یزید کے پاس جانے دو۔ عمر بن سعد اس پر بہت خوش ہوئے، انھوں نے ان کی یہ بات منظور کر لی اور عبیداللہ بن زیاد سے اس کی اجازت بھی لے لی۔

کوفی سبائیوں نے جب یہ دیکھا کہ حسین رضی اللہ عنہ یزید کے پاس بیعت کے لیے جا رہے ہیں اور اُن کے خطوط بھی ان کے پاس موجود ہیں تو انھوں نے ہنگامہ برپا کر کے حسین رضی اللہ عنہ کو شہید کر دیا۔

سنابلی صاحب نے ایک روایت سے استدلال کرکے حاشیہ نمبر **3** میں کیا لکھا.

يَدِي فِيْ يَدِهٖ، وَأَرسَلَ إِلٰى ابْنِ زِيَاد بِذٰلِك"[1]

"حسین رضی اللہ عنہ نے کہا: اے عمر بن سعد! میری تین باتوں میں سے کوئی ایک قبول کر لو: ① مجھے چھوڑ دو، تاکہ میں جہاں سے آیا ہوں، وہیں واپس چلا جاؤں۔ ② اگر یہ منظور نہیں تو مجھے سرحد پر بھیج دو، میں دشمنوں کے ساتھ جہاد کروں گا، یہاں تک کہ شہید ہو جاؤں۔ ③ اگر یہ بھی منظور نہیں تو مجھے یزید (طبری میں ہے: امیر المومنین یزید) کے پاس بھیج دیں (جانے دیں نہیں، بلکہ "بھیج دیں" یعنی چند سپاہیوں کی حفاظت میں بھیج دیں) تاکہ میں اپنا ہاتھ ان کے ہاتھ میں رکھ دوں۔ عمر بن سعد رحمہ اللہ نے حسین رضی اللہ عنہ کی یہ تینوں تجاویز لکھ کر عبیداللہ بن زیاد کے پاس روانہ کر دیں۔"

عبیداللہ بن زیاد نے جب اسے پڑھا تو فوراً بول اُٹھا:

"هٰذَا كِتَابُ رَجُلٍ نَاصِحٍ لِأَمِيْرِه مُشفِق عَلٰى قَومِه، نَعَمْ قَدْ قَبِلتُ"[2]

"یہ ایسے شخص کا خط ہے، جو امیر المومنین کا خیرخواہ اور امتِ مسلمہ پر مہربان ہے۔ ٹھیک ہے میں نے ان کی بات قبول کی۔"[3]

یعنی ابن زیاد نے تیسری بات کی منظوری دے دی کہ انھیں بہ حفاظت یزید کے پاس بھیج دیا جائے، کیوں کہ بعض روایات کے مطابق حسین رضی اللہ عنہ نے اللہ کا واسطہ دے کر اس کا مطالبہ کیا تھا۔ (كما سيأتي بسند صحيح) نیز یزید کے پاس جا کر حسین رضی اللہ عنہ یزید کی براہِ راست بیعت بھی کر لیتے اور تمام حالات سے انھیں باخبر بھی کر دیتے۔

کوفیوں نے جب دیکھا کہ ابن زیاد نے آپ کو دمشق جانے کی اجازت دے دی ہے، آپ دمشق یزید کے پاس جا رہے ہیں اور ظاہر ہے یزید تمام معاملات سے آگاہ ہوں گے، پھر اُن تمام لوگوں کے لیے خطرہ ہو سکتا ہے، جنھوں نے حسین رضی اللہ عنہ کو خلافت کی دعوت دی تھی اور خفیہ طور پر

---

[1] المحاسن والمساوئ للبيهقي (ص: ٢٨) تاريخ الطبري (٣/ ٣١٣)

[2] تاريخ الطبري (٣/ ٣١٣)

[3] اس کے آگے سبائیوں نے اس روایت میں یہ آمیزش کی ہے کہ عبیداللہ بن زیاد کے اس فیصلے کے بعد شمر بن ذی الجوشن نے اسے بہکایا، جس کے بعد عبیداللہ بن زیاد نے اپنا فیصلہ بدل دیا۔ یقیناً یہ افترا اس روایت میں سبائی پیوندکاری ہے۔ اس کی مزید وضاحت آگے آرہی ہے۔

اس روایت کا راوی ابو مخنف ہے ((تاریخ طبری)).

قال أبو مخنف : فأما عبد الرحمن بن جندَب فحدّثني عن عقبة بن سِمْعانَ قال : صحبتُ حسيناً فخرجتُ معه من المدينة إلى مكة ، ومن مكّة إلى

العراق ، ولم أفارقْه حتى قتل ، وليس من مخاطبته الناسَ كلمة بالمدينة ولا بمكة ولا في الطريق ولا بالعراق ولا في عسكر إلى يوم مقتله إلا وقد سمعتُها . ألا والله ما أعطاهم ما يتذاكر الناس وما يزعمون ؛ من أن يضع يده في يد يزيد بن معاوية ، ولا أن يسيّروه إلى ثغر من ثغور المسلمين ، ولكنه قال : دعوني فلأذْهَبْ في هذه الأرض العريضة حتى ننظرَ ما يصير أمرُ الناس .

قال أبو مخنف : حدّثني المجالد بن سعيد الهمْدانيّ والصّقعب بن زهير ، أنهما كانا التقَيَا مراراً ثلاثاً أو أربعاً ؛ حسين وعمر بن سعد ؛ قال : فكتب عمر ابن سعد إلى عُبيد الله بن زياد : أما بعد ، فإن الله قد أطفأ النائرة ، وجَمَعَ الكلمة ، وأصلَحَ أمر الأمة ، هذا حسين قد أعطاني أن يرجع إلى المكان الذي منه أتَى ، أو أن نسيّره إلى أيّ ثغر من ثغور المسلمين شئنا ، فيكونَ رجلاً من المسلمين له ما لَهم ، وعليه ما عليهم ، أو أن يأتيَ يزيد أمير المؤمنين فيضع يده في يده ، فيرى فيما بينه وبينه رأيه ، وفي هذا لكم رضًا ، وللأمة صلاحٌ . قال : فلما قرأ عبيد الله الكتاب قال : هذا كتاب رجل ناصح لأميره ، مشفِق على قومِه ، نعمْ قد قبلتُ . قال : فقام إليه شمر بن ذي الجوشن ، فقال : أتقبل هذا منه وقد نزل بأرضك إلى جنبك ! والله لئن رحل من بلدك ، ولم يضع يده في يدك ، ليكونن أولى بالقوّة والعزّة ولتكونن أولى بالضّعف والعجز ، فلا تُعطِه هذه المنزلَة فإنها من الوَهَن ، ولكن لينزل على حكمك هو وأصحابه ، فإن عاقبتَ فأنت ولِيّ العقوبة ، وإن غفرتَ كان ذلك لك ، والله لقد بلغني أنّ حسيناً وعمر بن سعد يجلسان بين العسكرين فيتحدّثان عامّة الليل ، فقال له ابن زياد : نِعْمَ ما رأيتَ ! الرأيُ رأيُك .

٢/٣١٥

قال أبو مخنف : فحدّثني سليمان بن أبي راشد ، عن حميد بن مسلم ، قال : ثمّ إنّ عبيد الله بن زياد دعا شَمِر بنَ ذي الجَوْشن فقال له : اخرجْ بهذا الكتاب إلى عُمَر بن سعد فلْيعرض على الحسين وأصحابه النزولَ على حُكمي ، فإن فعلوا فليبعث بهم إليّ سلمًا ، وإن هم أبَوا فليقاتلْهم ، فإن فعل فاسمع له وأطع ، وإن هو أبى فقاتِلهم ، فأنت أمير الناس ، وثِبْ عليه فاضرب عنقه ، وابعث إليّ برأسه .

٢/٣١٦

ابو مخنف اور اسکی روایت کی حیثیت سنابلی صاحب کی نظر میں(سنابلی)

❁ ''ابومخنف''۔ یہ لوط بن یحییٰ ابومخنف غامدی شیعہ اور کذاب ہے۔

❁ امام ابو حاتم الرازی رحمہ اللہ (المتوفی: ۲۷۷) نے کہا:

''متروك الحديث''[1] ''یہ متروک الحدیث ہے۔''

❁ امام ابن معین رحمہ اللہ (المتوفی: ۳۲۷) نے کہا:

''أبو مخنف وأبو مريم وعمرو بن شمر ليسوا هم بشيء''[2]

''ابومخنف، ابومریم اور عمرو بن شمر کی کوئی حیثیت نہیں۔''

❁ امام ابن عدی رحمہ اللہ (المتوفی: ۳۶۵) نے کہا:

''شيعي محترق صاحب أخبارهم''[3] ''یہ کٹر شیعہ اور شیعوں کا مورخ ہے۔''

❁ امام اسماعیل الاصبہانی، الملقب بقوام السنۃ (المتوفی: ۵۳۵) نے کہا:

''فَأَما مَا رَوَاهُ أَبُو مخنف وَغَيره من الروافض فَلَا اعْتِمَاد بروايتهم''[4]

''ابومخنف وغیرہ روافض نے جو روایت کیا ہے، وہ ناقابلِ اعتماد ہیں۔''

❁ امام ابن الجوزی رحمہ اللہ (المتوفی: ۵۹۷) نے کہا:

''وفي حَدِيث ابْن عَبَّاس: أَبُو صَالح الْكَلْبِيّ وَأَبُو مخنف، وَكلهمْ كذابون''[5]

''ابن عباس والی روایت میں ابو صالح اور ابومخنف ہے اور یہ سب کے سب کذاب ہیں۔''

---

[1] الجرح والتعديل لابن أبي حاتم (۷/ ۱۸۲)

[2] تاريخ ابن معين. رواية الدوري (۳/ ۴۳۹)

[3] الكامل في ضعفاء الرجال لابن عدي (۷/ ۲۴۱)

[4] الحجة في بيان المحجة لقوام السنة (۲/ ۵۶۸)

[5] الموضوعات لابن الجوزي (۱/ ۴۰۶)

❁ شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ (المتوفی: ۷۲۸) نے کہا:

''لوط بن يحيىٰ وهشام بن محمد بن السائب وأمثالهما من المعروفين بالكذب''[1]

''لوط بن یحییٰ (ابومخنف)، ہشام بن محمد بن السائب اور ان جیسے لوگ جو جھوٹے ہونے میں معروف ہیں۔''

❁ امام ذہبی رحمہ اللہ (المتوفی: ۷۴۸) نے کہا:

''لوط بن يحيى، أبو مخنف، أخباري تالف، لا يوثق به''[2]

''لوط بن یحییٰ ابومخنف، یہ اخباری، متروک اور ناقابلِ اعتماد ہے۔''

❁ دوسرے مقام پر کہا:

''أبو مخنف۔اسمه: لوط بن يحيى۔ هالك''[3]

''ابومخنف اس کا نام لوط بن یحییٰ ہے، یہ ہالک ہے۔''

❁ امام ابن العراق الکنانی رحمہ اللہ (المتوفی: ۹۶۳) نے کہا:

''لوط بن يحيىٰ أبو مخنف كذاب تالف''[4]

''لوط بن یحییٰ ابومخنف یہ کذاب اور متروک ہے۔''

ابنِ زیاد مدبر تھا بچہ نہیں تھا جو بھٹک جائے (سنابلی)

③ عبیداللہ بن زیاد:

کہا جاتا ہے کہ حسین رضی اللہ عنہ نے جب یزید کے پاس جانے کی خواہش ظاہر کی تو ابن زیاد نے یہ شرط لگا دی کہ حسین رضی اللہ عنہ پہلے میری بیعت کریں، پھر یزید کے پاس جانے کی اجازت ملے گی، اس پر حسین رضی اللہ عنہ تیار نہ ہوئے، جس پر لڑائی چھڑ گئی اور نتیجے میں یہ حادثہ پیش آیا۔

اس بات کو بیان کرنے والا ابومخنف ہے، جو کذاب اور رافضی ہے اور اسی کذاب نے پہلے یہ بیان کیا کہ عبیداللہ بن زیاد نے جب حسین رضی اللہ عنہ کے مطالبے پڑھے تو اس نے منظور کر لیا اور یزید کے پاس جانے کی اجازت دے دی، چناں چہ یہ نقل کرتا ہے:

"فلما قرأَ عُبَيْدُ اللَّهِ الكتابَ قَالَ: هَذَا كتاب رجلٍ ناصحٍ لأميره، مشفقٍ عَلىٰ قومه، نعم قَدْ قبلتُ"[1]

[1] تاريخ الطبري (٥/ ٤١٤)

"عبیداللہ بن زیاد، حسین رضی اللہ عنہ کا خط پڑھ کر پکار اُٹھا کہ یہ تو ایسے شخص کا خط ہے، جو اپنے خلیفہ کا خیر خواہ اور اپنی قوم پر شفیق ہے، مجھے حسین رضی اللہ عنہ کی بات منظور ہے۔"

اس کے بعد ابومخنف کہتا ہے کہ عبیداللہ بن زیاد کی منظوری کے بعد شمر بن ذی الجوشن نے اسے بہکایا، جس کے بعد ابن زیاد نے یہ فیصلہ بدل دیا۔

عرض ہے کہ عبیداللہ بن زیاد ایک مدبر حکمران تھا۔ وہ کوئی بچہ تو نہیں تھا کہ شمر کے بہکانے سے بہک جائے، نیز شمر بن ذی الجوشن حسین رضی اللہ عنہ کا رشتے دار ہے اور جنگِ صفین میں یہ علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھا۔[1] پھر کیوں کر ممکن ہے کہ اس قرابت اور رشتے داری کے باوجود شمر بن ذی الجوشن نے حسین رضی اللہ عنہ کے خلاف ابن زیاد کو بھڑکایا ہو؟ مزید یہ کہ شمر بن ذی الجوشن اور حسین رضی اللہ عنہ کے بیچ کسی دشمنی کا کوئی ادنیٰ سراغ بھی کتبِ تاریخ میں نہیں ملتا، حتی کہ کسی موضوع روایت میں بھی نہیں، پھر کیا وجہ تھی کہ شمر بن ذی الجوشن حسین رضی اللہ عنہ کے خلاف ابن زیاد کو بہکائے؟

صاف معلوم ہوتا کہ سچائی صرف اتنی ہے کہ عبیداللہ بن زیاد نے منظوری دے دی تھی اور حسین رضی اللہ عنہ شام کی طرف یزید کے پاس روانہ ہونے والے تھے، لیکن کوفی سبائیوں نے رکاوٹ کھڑی کر دی اور حسین رضی اللہ عنہ کو شہید کر ڈالا۔ اب اس جرم پر پردہ ڈالنے کے لیے ابومخنف کذاب نے یہ جھوٹ گھڑا کہ شمر بن ذی الجوشن کے کہنے پر ابن زیاد نے اپنی بات بدل دی، تاکہ الزام اہلِ کوفہ پر نہ آئے۔

یاد رہے کہ سچ میں جھوٹ کو اس باریکی سے ملانا کہ بات کچھ سے کچھ ہو جائے، کذابوں اور

ابنِ زبیر رض و عمار بن یاسر رض و ابو زر رض و محمد بن ابوبکر رض بھک گئے (سنابلی)

دراز سے خوارج اور فتنہ پرداز مکہ پہنچ کر عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کو حکومتِ وقت کے خلاف بھڑکانے لگے، بالآخر عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ ان کی باتوں میں آ گئے اور ان کی خاموش مخالفت ایک سرگرم تحریک بن گئی۔ عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کو "عائذ بیت اللہ" کا لقب دیا گیا اور اس طرح اپنی روحانی طاقت کو بیت اللہ کے سہارے محفوظ کر دیا گیا۔

اب وقت آ گیا تھا کہ کہیں سے فتنے کی آگ بھڑکائی شروع کی جائے۔ عراق جو ہمیشہ سے ان فتنہ پردازوں کا مرکز رہا ہے، وہاں پر عبیداللہ بن زیاد مسلط تھا، جو کسی بھی فتنے کو کچلنے میں ذرہ

برابر بھی رعایت نہ کرتا تھا، اس لیے ان لوگوں نے نئے فتنے کی شروعات کے لیے مدینے کا انتخاب کیا۔

شروعات انھوں نے حاکمِ مدینہ عثمان بن محمد کے ساتھیوں کے ساتھ چھیڑ چھاڑ سے کی۔ ابتدا میں عثمان بن محمد نے انھیں نظر انداز کیا اور انھیں نصیحت کی، لیکن یہ لوگ باز نہیں آئے، بالآخر عثمان بن محمد نے ان شرارتوں کی رپوٹ یزید کو دی اور یزید نے ان لوگوں کو سخت وارننگ دی۔ یزید کی اس تنبیہ کو ظالموں نے دوسرا رنگ دے دیا اور مدینے کے کچھ بھولے بھالے لوگوں کو بھی یزید کے خلاف بھڑکایا اور یزید پر شراب نوشی، ترکِ صلاۃ اور نہ جانے کیسے کیسے اتہامات باندھے۔ کچھ سادہ لوح مسلمان ان سے اسی طرح دھوکا کھا گئے، جیسے شہادتِ عثمان رضی اللہ عنہ اور جمل وصفین کے موقع پر انھیں دھوکا ہوا تھا۔

پھر کیا تھا، مدینے میں ان شرپسندوں کی ایک پوری جماعت بن گئی اور انھوں نے جھوٹ، مکاری اور چالبازی سے بعض شریف لوگوں کو بھی اپنے ساتھ ملا لیا۔ اب ان سب نے مل کر یزید کی مخالفت کا اعلان کر دیا، ان کی بیعت توڑ دی، اسی پر بس نہیں، بلکہ یزید کی طرف سے مدینے پر بنائے گئے حاکم عثمان بن محمد کو ذلیل کر کے مدینے سے باہر نکال دیا، نیز بنو اُمیہ کو بھی شہر بدر کر دیا اور پورے مدینے میں خوف ودہشت کا ماحول برپا کر دیا۔

مدینے کی بے حرمتی اور اہلِ مدینہ کو خوف و دہشت میں مبتلا کرنا، یہ دشمنانِ اسلام کی کوئی پہلی حرکت نہیں تھی، بلکہ انھیں کے آبا و اجداد نے اس سے قبل عثمان رضی اللہ عنہ کے دور میں نہ صرف مدینے کی حرمت پامال کی، بلکہ خلیفہ وقت اور عظیم صحابی عثمان رضی اللہ عنہ کو قتل بھی کر ڈالا۔ واقعہ حرہ میں بھی تقریباً یہی تاریخ دہرائی گئی۔ اصل سازش دشمنانِ اسلام کی تھی، لیکن ان درندوں کی مکاری وچالبازی سے کچھ بھولے بھولے لوگ بھی ان کے ساتھ ہو گئے۔ عین یہی حرکت ان کے آبا و اجداد نے کی تھی، چناں چہ خلیفہ وقت عثمان رضی اللہ عنہ کے مخالفت میں سبائیوں کی کذب بیانی اور سازش سے بعض صحابہ مثلاً عمار بن یاسر اور ابو ذر رضی اللہ عنہ بھی متاثر ہوئے، حتیٰ کہ عثمان رضی اللہ عنہ کے خلاف بغاوت اور ان کے قتل تک کی سازش میں خلیفہ اول کے بیٹے محمد بن ابی بکر کو بھی ان ظالموں نے بہلا پھسلا کر اپنے ساتھ کر لیا تھا۔

اب جن کی سازش کا حال یہ ہو کہ ان کے بہکاوے میں آ کر خلیفہ اول ابوبکر رضی اللہ عنہ کے بیٹے محمد بھی خلیفہ سوم عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کے مخالف بن جائیں، بلکہ ان کے قتل پر بھی آمادہ ہو جائیں اور ابو ذر رضی اللہ عنہ اور عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ جیسے صحابہ ان کی تحریک سے متاثر ہو جائیں، ایسے لوگوں کی سازش کا

حادثہ کربلا کی روداد میں سنابلی صاحب کی صحیح روایات کا جائزہ.....

بخاری و مسلم و فضائل الصحابہ...سنابلی صاحب نے صحیح بخاری کی دو اور مسلم کی ایک اور فضائل الصحابہ کی ایک روایت سے ثابت کیا کہ علی علیہ السلام نے حضرت ابوبکر رض کی بیعت چھ مھینے بعد مسجد میں کی تھی..اور استدلال کیا کہ امام حسین علیہ السلام نے بھی تنھائی میں بیعت نھیں کی اور چھ مھینے نھیں کی.....ہم سنابلی صاحب سے پوچھتے ہیں کہ علی علیہ السلام کے اس فعل کو کیا ایک قانون تسلیم کیاجائے کہ اب ہر شخص پر لازم ہے کہ وہ مسجد میں ہی سب کے سامنے بیعت کرے اور چھ مھینے بعد بیعت کرے.اگر یہ قانون نھیں تو پھر امام حسین علیہ السلام کو اس قانون کا پابند قرار نھیں دیا جا سکتا...

دوسری بات کہ علی علیہ السلام نے حضرت ابو بکر رض کی بیعت چھ مھینے تک اگر نھیں کی تو اسکی وجہ بھی سب جانتے ہیں کہ دونوں میں باہمی اختلاف تھا ...لہذا اب سنابلی صاحب بھی بتائیں کہ امام حسین علیہ السلام اور یزید میں کونسا اختلاف تھا کہ جسکی بنا پر بیعت نھیں کی گئی....اور حضرت علی علیہ السلام نے بیعت میں تاخیر کی وجہ خود بیان کی جو بیعت والی روایت میں ہی درج ہے..اب سنابلی صاحب بتائیں

کہ جس روایت سے وہ ثابت کرنا چاہتے ہیں کہ امام حسین علیہ السلام یزید کی بیعت پر آمادہ ہوگئے تھے تو پھر وہاں امام حسین علیہ السلام نے تاخیر کی وجہ کیا بیان کی....

تیسری بات یہ ہے کہ جب علی علیہ السلام نے دیکھا کہ لوگ منہ موڑ رہے ہیں یعنی اختلاف و افتراق بڑھ رہا ہے تو انھوں نے بیعت پر آمادگی کا اظہار کیا اور حضرت ابو بکر رض کو اپنے پاس بلوایا...لیکن امام حسین علیہ السلام کی بیعت نہ کرنے کیوجہ سے لوگ حکومت کو منہدم کرنے کے درپے تھے جب امام حسین علیہ السلام کو خطوط کے ذریعہ اس بات کا علم ہوا اور مسلم بن عقیل کے ذریعہ اس بات کا یقین حاصل ہو گیا تو پھر بھی امام حسین علیہ السلام نے بیعت نہیں کی...اگر یہ سیرتِ علی علیہ السلام پر ہی اس مسئلہ میں چل رہے تھے تو انھیں فوراً مکہ میں ہی بیعت کر لینی چاہیئے تھی..جو کہ نہیں کی.....لہذا ان دونوں واقعات کو آپسمیں ملایا نہیں جا سکتا....یہ جداگانہ ابحاث ہیں.....

بخاری و فضائل الصحابہ....سنابلی صاحب نے دونوں کتابوں سے ایک ایک روایت پیش کی ایک سند صحیح اور ایک کی حسن قرار دی کہ حضرت عبد اللہ بن عمر رض و حضرت سکینہ سلام اللہ علیھا نے کوفیوں کو امام حسین علیہ السلام کا قاتل قرار دیا..اور اس سنابلی صاحب نے یزید کو بری کرنیکی کوشش کی...لیکن کوفیوں کے قاتل ہونے سے یزید بری نہیں ہو سکتا.. کیونکہ اوپر صحیح السند روایت جسے سنابلی صاحب نے صحیح قرار دیا اس سے ثابت

ہو گیا کہ ابنِ زیاد نے ہی اپنی فوج کے ذریعہ امام حسین علیہ السلام کو شہید کروایا.. اور اسکی فوج میں کوفی موجود تھے...خاص کے بعد عام سے دلیل لینا باطل ہے...یعنی جن روایات سے کوفیوں کا جرم ثابت ہوتا ہے وہیں ان کوفیوں کی تخصیص صحیح روایات سے ہو گئی کہ وہ کوفی حکومت کے کارندے تھے جو ابنِ زیاد کے حکم سے ایسا کر رہے تھے.. صحیح روایت و دس محدثین کے کلام کو ہمنے اوپر نقل کر دیا ہے...اور ابنِ زیاد کا امام حسین علیہ السلام کو شہید کرنے کا حکم دینا ہی یزید کی رضامندی ہے اس پر بحث اوپر ہو چکی ہے.... الحمد للہ...

طبری کی دو روایات.....سنابلی صاحب نے طبری سے دو روایات پیش کیں کہ امام حسین علیہ السلام دمشق جا کر یزید سے بیعت کرنا چاہتے تھے...ہمنے اوپر دونوں روایات کو منقطع ضعیف ثابت کر دیا.....اور متن کو دیکھیں تو جب امام حسین علیہ السلام بیعت ہی کرنا چاہتے تھے تو ابنِ زیاد نے امام حسین علیہ السلام شہید کرنے کا حکم کیوں دیا.. جبکہ یہ صحیح سند سے ثابت ہے...اور جب بیعت ہی کرنا چاہتے تھے تو یزید کی حکومت تو مستحکم ہو جاتی اور وہ آلِ نبی(ص) کا محب بھی قرار پاتا لہذا اس نے ابنِ زیاد سے بازپرس کیوں نہ کی کہ تمنے شہید کروا کر میری حکومت کو کمزور اور عوام کو میرے مخالف کیوں بنایا ....جبکہ بیعت سے عوام میری حامی اور میری حکومت مضبوط ہوتی...لہذا ان حقائق کے پیشِ نظر بیعت کرنے کا تصور ہی باطل ہے.....

معجم الطبرانی کی روایت.... سنابلی صاحب نے معجم الطبرانی کی روایت کو صحیح کہا..اسمیں حضرت عبد اللہ بن عباس رض و امام حسین علیہ السلام کی گفتگو درج ہے جسے اوپر اسی مقالہ میں نقل کر دیا گیا ہے. کہ امام حسین علیہ السلام نے فرمایا بھتر ہے میں فلاں فلاں جگہ شہید ہو جاؤں بجائے اس کے کہ مکہ کی حرمت پامال ہو.....تو اس روایت سے بھی معلوم ہوا کہ امام حسین علیہ السلام جانتے تھے کہ حاکم مجھے شہید کرنا چاھتے ہیں..یھاں خطرہ کوفیوں سے نھیں تھا.. کیونکہ وہ تو امام علیہ السلام کو بیعت کیلیے بلا رہے تھے..اور مسلم بن عقیل کیطرف سے انکے مخلص ہونے کی اطلاح بھی امام حسین علیہ السلام کو پھنچ چکی تھی...لہذا ابھی تک کوفی تو محافظ ہی تھے..البتہ حکومت دشمن تھی....

بخاری شریف... اسمیں سنابلی صاحب نے حضرت عبد اللہ بن عمر رض کا قول پیش کیا کہ یزید کی بیعت سے ہاتھ نہ اٹھاو..اس قول پر انشاءاللہ ہم اگلے مضمون میں گفتگو کرینگے.. سرِدست عرض ہے کہ سردارِ بھشت نے یزید کی حکومت کو تسلیم نھیں کیا...یھی عبد اللہ بن عمر رض امام حسین علیہ السلام سے مکہ سے کوفہ کیطرف ہجرت سے قبل مل چکے تھے.. سنابلی صاحب کسی ایک صحیح روایت سے ثابت کر دیں.. کہ حضرت عبد اللہ بن عمر رض نے امام حسین علیہ السلام کو یزید کی بیعت کی دعوت دی ہو..اسکا مطلب ہے وہ بھی جانتے تھے کہ امام حسین علیہ السلام کو شہید ہونا گوارا ہے..لیکن یزید کی بیعت

وہ کبھی نہیں کر سکتے.. المختصر اگر بہشتی سے یزید کی بیعت ثابت ہے تو سردارِ بہشت سے یزید کی حکومت کا غیر شرعی ہونا ثابت ہے...اور سردارِ بہشت کی شہادت کے حق ہونے کی دلیل حدیثِ مبارک ہے.((سلسلۃ الاحادیث الصحیحیہ امام البانی))... جب امام حسین علیہ السلام کی شہادت حق کے دفاع میں ہوئی اور وہ یزید کے حکم سے ہوئی تو وحی سے معلوم ہو گیا.. کہ یزید باطل تھا...اسی لیئے اسکی حکومت کیخلاف امام حسین علیہ السلام کا اقدام حق قرار پایا..... تو حضرت عبد اللہ بن عمر رض کے فعل کو انکا اجتہاد قرار دیا جائیگا...جبکہ امام حسین علیہ السلام کے حق پر شہید ہونے کی وضاحت احادیثِ مبارکہ میں ہے..یعنی نص موجود ہے.... اور نص کے ہوتے ہوئے کسی کا اجتہاد دلیلِ شرعی نہیں کہلاتا..

ناصبیوں کا اعتراض... ناصبی کہتے ہیں اگر امام حسین علیہ السلام کا اقدام حق تھا تو صحابہ نے ساتھ کیوں نہ دیا..ہم جواباً کہتے ہیں کہ امام حسین علیہ السلام کے حق پر شہید ہونے میں نص موجود ہے.تو پھر نص کو کسی کے ساتھ کی ضرورت نہیں ہوتی.. دوسری بات اگر اصحاب نے حضرت عثمان رض کے دفاع میں تلواریں میان سے نہیں نکالیں تو اسکیوجہ یعنی مصلحت تلاش کیجائے گی..نہ کہ یہ کہاجائے گا کہ اگر حضرت عثمان رض حق پر تھے تو صحابہ نے دفاع کیوں نہ کیا.اور شہادت سے بچا کیوں نہ لیا..تیسری بات کہ امام حسین علیہ السلام کیساتھ اصحاب موجود تھے..انشاءاللہ اگلے مضمون میں ہم انکی نشاندھی کرینگے..